سوال

(67) حائضہ عورت کے لئے مہندی کا استعمال جائز ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں نے سنا ہے کہ ماہواری کے دوران بالوں یا ہاتھوں پر مہندی لگانا ناجائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ماہواری کے دوران عورت کے لیے بالوں اور ہاتھوں پر مہندی لگانا جائز ہے۔ اس میں گناہ یا حرج والی کوئی بات نہیں، جو شخص اس سے روکتا ہے یا اسے مکروہ سمجھتا ہے اس کے پاس اس کی کوئی دلیل نہیں۔ جب عورت حیض سے پاک ہو جائے تو نہائے اور جن اشیاء کا جسم سے ازالہ ممکن ہوانہیں زائل کرے۔ اگر کسی چیز کا جسم سے ازالہ ممکن نہ ہو تو اس کے باقی رہنے میں کوئی حرج نہیں۔۔۔۔شیخ ابن جبرین۔۔۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ برائے خواتین

طہارت، صفحہ:98

محدث فتویٰ